© rasailojaraid.com



''اختلاف امت اور صراط مستقیم'' آپکے مسائل اور انکا حل ترجمہ ''خاتم النبیین'' جو کہ حضرت شاہ انور شاہ کشمیریؒ کی معرکۃ الاراء کتاب کا نام ہے اور اسکے ترجمے کا کام آپ کو حضرت مولانا بنوریؒ نے سونپا تھا۔وہ بھی ایک بڑا علمی کام خدا نے آپ سے لیا ہے۔ علاوہ ازیں فرق باطلہ کے تعاقب میں آپ نے مختلف علمی مضامین، تحقیقی مقالات لکھ کر انکو بے نقاب کیا۔ خصوصاً ڈاکٹر فضل الرحمان اور پرویزی فتنے، قادیانیت، شیعیت اور دیگر فرقوں کا موثر مقابلہ کیا۔ الحق کی پرانی جلدیں آپکے کارناموں سے لبریز ہیں۔ اسی طرح اصلاح امت کے لئے تبلیغی مضامین پر مشتمل کئی کتابیں تحریر فرمائیں۔ آپ کی شخصیت گویا مجمع البحرین تھی۔ شریعت اور طریقت کے آپ ایک حسین امتزاج تھے۔ آخری عمر میں تو آپ تصوف کے رنگ میں مکمل طور پر ومن احسن من الله صبغه کی تصویر بنے ہوئے تھے اور بے شمار پڑھے لکھے لوگ اور نامور علمائے کرام نے آپکے ہاتھ پر بیعت کر کے تزکیہ نفس کے مراحل طے کئے۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کی خدمات عالیہ کو آپ کیلئے آخرت کا توشہ بنائے۔ ادارہ الحق تحفظ ختم نبوت، جامعہ اسلامیہ علامہ بنوریؒ ٹاؤن کراچی، استاذی المحترم مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق سکندر، اشرف العلوم کراچی اور آپکے تمام متعلقین عقیدت مندوں اور پسماندگان کے ساتھ دلی تعزیت کرتا ہے۔

..........................................

## ماہنامہ الحق کے ''اکیسویں صدی کے چیلنجز اور عالم اسلام'' نمبر کیلئے لکھنے والوں سے گذارش

قارئین الحق کو معلوم ہے کہ ہم نے ایک سال پہلے الحق کے خصوصی نمبر ''اکیسویں صدی کے چیلنجز اور عالم اسلام'' کی اشاعت کا اعلان کیا تھا اس سلسلہ میں اب تک کافی مضامین جمع ہو چکے ہیں لیکن متعدد اہم مقالہ نگار حضرات نے ادارہ کو تعاون کی باقاعدہ خطوط کے ذریعے یاد دہانی فرمائی تھی۔ لیکن سات آٹھ ماہ کے شدید انتظار کے باوجود اب تک اہم مضامین ہمیں موصول نہیں ہوئے۔ چونکہ قارئین الحق کا یہ اصرار ہے کہ یہ عظیم نمبر جلد سے جلد منصہ شہود پر آئے۔ اس لئے مقالہ نگار حضرات سے درخواست ہے کہ وہ ایک مہینے کے اندر اپنے قیمتی مقالات اور خصوصی نگارشات ارسال کرنے کی زحمت گوارا فرمائیں۔

© rasailojaraid.com